Roll No. ________ امیدوار خود پُر کرے

SSC-(P-I)-A/2023
(For All Sessions)

# اردو لازمی (انشائیہ)

(گروپ-I)

وقت: 2 گھنٹے 10 منٹ — نمبر 60

2۔ حصہ نظم سے تین اور حصہ غزل سے دو اشعار کی تشریح کریں۔ (2x5=10)

(حصہ نظم)

i. تو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو
جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گلہ تیرا

ii. جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر
یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

iii. سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی
یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!

iv. ہے لازوال عہدِ خزاں اُس کے واسطے
کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ و بار سے

(حصہ غزل)

i. ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

ii. ہمیشہ لکھے وصفِ دندان تار
قلم اپنا موتی پرو یا کیا

iii. ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار
یاالٰہی! یہ ماجرا کیا ہے

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی لکھیے۔ (10)

(الف) محنت مزدوری کرنے والے لوگ اور وہ جو کہ اپنی روزانہ محنت سے اپنی بسر اوقات کا سامان مہیا کرتے ہیں۔ بہت کم کاہل ہوتے ہیں۔ محنت کرنا اور سخت سخت کاموں میں ہر روز لگے رہنا گویا ان کی طبیعت ثانی ہو جاتی ہے۔

(ب) ایک مقنن ایک اصول قائم کرتا ہے۔ دوسرا اس کو توڑ دیتا ہے۔ کیا وجہ ہے کہ ہم اپنی رائے کو کسی دوسرے کی تجویز کا پابند کریں۔ میں نے برابر والے سے پوچھنے کی کوشش بھی کی، کچھ ادھر اُدھر نگاہ بھی دوڑائی۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے۔ (10)

i. سراقہ بن جعشم کیسے تائب ہوا؟

ii. سبق "مرزا غالب کے عادات و خصائل" کس کتاب سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں؟

iii. خواجہ صاحب اپنے اُس شاگرد سے کیا کہا کرتے تھے، جو اکثر بے روزگاری کی شکایت سے سفر کا ارادہ کیا کرتے تھے؟

iv. "آرام و سکون" میں بیماری کے باوجود میاں دفتر جانے کے لئے کیوں تیار ہو جاتا ہے؟

v. مضمون نگار کے والد نے کس طرح اسے تسلی دی؟

vi. نظم "حمد" میں شاعر نے اللہ تعالیٰ کی کون کون سی صفات بیان کی ہیں؟ (کوئی دو صفات)

vii. علامہ محمد اقبال کی نظر میں کس کے گلستان میں فصلِ خزاں کا دور ہے؟

viii. بہادر شاہ ظفر کو باغبان اور صیاد سے کیا گلہ ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے (الف) کاہلی (ب): قدر ایاز (05)

6۔ کتاب میں دی گئی نظم "نعت" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+4=5)

7۔ تاجر کتب کے نام کتابیں منگوانے کے لئے خط تحریر کریں۔ (یا) سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لئے ہیڈ ماسٹر صاحب کی خدمت میں درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

8۔ "قوم کی خاطر ایثار" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ (یا) گاہک اور ہوٹل مینیجر کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ (05)

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (05)

i. میں نے فرحان دیکھا۔
ii. میں نے کتاب پڑھنا ہے۔
iii. دل نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔
iv. فوج نے حملہ کیے۔
v. حسیب، منیب اور مجیب آیا۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

i. صورت نہ شکل ________۔
ii. طویلے کی بلا ________۔
iii. شیخی اور ________۔
iv. بلی کے بھاگوں ________۔
v. تخم تاثیر ________۔